# وقت کے پردے کے پار

میں یہاں یہ اعلان کرنا چاہتا ہوں کہ آپکی دعائیں سنی گئی تھیں، اورعبادات ویسی ہی ہوئیں جیسی کئی سال پہلے، میری خدمت کے آغاز میں ہوتی تھیں۔ ہمارے پاس نہیں...ہمارے پاس اتنی جگہ نہیں تھی کہ لوگوں کو بٹھاسکتے۔ اور ہم نے میدان اور باقی جگہیں بھی استعمال کیں، اور وہاں تین بجے ہی اتنے لوگ آجاتے تھے، کہ وہ جگہ بھر جاتی تھی۔ وہ دروازے بند کردیتے تھے، تاکہ لوگ اندر نہ آسکیں۔ اور ہم سات بجے تک بھی وہاں نہیں پہنچ پاتے تھے۔ سمجھے؟ بس وہاں ہر طرف سے ہزاروں لوگ جمع ہوجاتے تھے۔ بس...

2 اور میں نے آخری پانچ راتیں عبادات کروائی تھیں، اور فقط کلام کے چوگرد تعمیر کرتا رہا، اوراس بات کا احساس ہونا شروع ہوگیا تھاکہ کلام میں کتنی قدرت ہے۔ سمجھے؟ کیونکہ، کلام خُدا ہے۔ سمجھے؟ ”ابتدا میں کلام تھا، اور کلام خُدا کے ساتھ تھا، اور کلام خُدا تھا۔ اور کلام مجسم ہوااور ہمارے درمیان رہا۔“

3 اب، عبرانیوں 4 میں لکھا ہے، کہ، ”خُدا کا کلام ہر ایک دو دھاری تلوار

سے زِیادہ تیز ہے۔" سمجھے؟" خُدا کا کلام تیز ہے، یہاں تک کہ بند بند اور گُودے گُودے کو جُدا کر کے، گُذر جاتا ہے، اور دِل کے خیالوں، اور اِرادوں کو جانچتا ہے۔" دیکھیں؟ یہی کچھ، خُدا کا کلام ہے۔

4 پھر ہم وہاں سے سکون بھی حاصل کر سکتے ہیں جہاں یہ نعمت ہے؛ اور کلام، خود، مسیح ہے، اور کلام خود، ہمارے اندر آتا ہے، اور دلوں کے خیالوں کو پرکھتا ہے، اور آپ یہ دیکھ چکے ہیں۔ سمجھے؟ یہ شاندار بات ہے۔ پھر، آپ نے دیکھا اُس نے کیا کیا اور کس طرح ہمیں برکت عطا کی! اور پھر...

5 اور، میں نے محسوس کیا، اُس عمارت کے اندر چار راتوں تک کلام کیا گیا، اور لوگ آرام سے بیٹھ کر، خاموشی سے سنتے رہے، اور پاک روح نے سامعین سے لوگوں کو بلایا اور کام کیے۔

6 اور پھر، آخری شام کو، اتوار کی سہ پہر کو، میں نے امریکہ کی ایک سب سے بڑی شفائیہ قطار کو دیکھا جو میں نے کبھی دیکھی ہے۔ سمجھے؟ وہ تھے... میں نے بلی کو سو کارڈ کے ساتھ، اور جین کو سو کارڈ کے ساتھ، اور لیو کو ایک سو کارڈ کے ساتھ، اور روئے کو ایک سو کارڈ کے ساتھ بھیجا، اور تقریباً، پانچ سو کارڈ دیکر بھیجا۔ اور پھر جب اُنہوں نے دیکھا کلام نے گرفت ڈال لی ہے، اور وہ کچھ کریگا، تو پھر وہ کلام پر بھروسہ کرتے ہوئے، اُنہیں پلیٹ فارم پر لانے لگے۔ اور میں نے دیکھا مردوں اور عورتوں نے اپنی بیساکھیاں، اور

باقی چیزیں پھینک ڈالیں، اور پلیٹ فارم پر آنے سے پہلے ہی وہ شفا پا گئے، بس غور کریں۔دیکھیں؟ خُدا کا کلام جو سنایا گیا تھا، وہاں سے آگے بڑھا، اور وہ خود ان پانچ پیغامات، یا چار پیغامات میں سے سرایت کرتے ہوئے، اُنکے دلوں میں بیٹھ گیا، یہاں تک کہ وہ اپنے پورے دل سے اس پر ایمان لائے۔ پھر، اُنہیں فقط ایک ہی کام کرنے کی ضرورت تھی، کہ چھوٹا سا رابطہ قائم کیا جائے، دیکھیں، تاکہ کچھ ہو، اور یہ حقیقت تھی۔ اور جیسے ہی اُنہوں نے پلیٹ فارم کو چھوا، تو اُسی گھڑی وہ وہاں شفا پا گئے-...بلکہ 'پلیٹ فارم سے پہلے ہی شفا پا گئے۔

7 میرا خیال ہے، یہاں کے سب بھائی، بھائی ای ڈی، بھائی ای ڈی ہوپر کو جانتے ہیں۔کیا نہیں؟ کیا آپ آرکنساس کے لوگ، جانتے ہیں؟ وہ ملا تھا... وہ میری ابتدائی خدمت کے ابتدائی حصوں میں میرے ساتھ تھا۔ اُس نے کہا، "یہ تو پرانے وقتوں کی طرح لگتا ہے،" اُس نے کہا، "جیسے اُنہوں نے گزرے سالوں میں، کیا تھا۔"

8 اور وہاں ایسے لوگ تھے جنکو کینسر اور-اور ایسی بیماریاں تھی، لیکن تندرست ہو کر، واپس گئے۔ ہمارے خُداوند نے، اندھے، بہرے، اور گونگوں کو ٹھیک کردیا۔ لوگوں کو چھونے کی بھی ضرورت نہیں پڑی تھی۔کلام آگے بڑھا اور یہ کام کردیا۔

9 پھر خُداوند نے مجھے ایک پیغام دیا جسے میں چرچ میں بیان کرنا چاہتا ہوں، جب کبھی، میں واپس آونگا، اور اگر موقع ملا تو میں یہاں اس چرچ میں سناونگا۔ میں بہت زیادہ مصروف ہوں۔ اب کل، مجھے دوبارہ روانہ ہونا ہے، بس اس لڑکی کا انتظار کررہا ہوں۔ اور ایسا ہوا گھر پہنچتے ہی 'ابھی میں نے اپنا سوٹ کیس بھی نہیں رکھا تھا، اور کوئی آگیا۔ اور، مجھے بیٹھنے کا بھی موقع نہ ملا۔ دیکھیں؟ میں نے ابھی تک اندر آکر اپنے خاندان سے بات بھی نہیں کی تھی۔ سمجھے؟ اور۔ اور بہت زیادہ تناؤ تھا۔ اور میں آپ سب کی دعاؤں کا طلبگار ہوں، تاکہ، خُداوند میری مضبوطی کیلئے کمک عطا کرے۔

10 اب...[ٹیپ پر خالی جگہ ہے-ایڈیٹر-] آئیں اپنے اس بھائی کو دیکھتے ہیں، جو، بہت زیادہ بیمار ہے، اور چارپائی پرپڑا ہے۔ اور ہم...

11 تھوڑی دیر میں، ایک شخص آرہا ہے، جو ہمیں، لوئیس ویل لیکر جائیگا۔ میں، آپکو ایک دعائیہ درخواست یاد کروانا چاہتا ہوں، ایک اچھی جوان خاتون ہے، جو کہ، تقریباً اٹھارہ سال کی بھی نہیں ہے۔ وہ جڑواں ہے، اورسکول میں ایک مسیحی لڑکی کی طرح رہتی ہے۔ اور باقی لڑکیاں اُسکے بارے میں باتیں کرتی ہیں، آپ کو معلوم ہے، یہ دو لڑکیاں ہیں، اور وہ انہیں بتاتی ہیں یہ کیسی تھیں، اور زندگی کا کونسا حصّہ انہوں نے ضائع کردیا ہے، اور کیسے ان لڑکیوں کو دوسری لڑکیوں کی طرح جینا چاہیے تھا۔ اور ایک لڑکی اُس طرف

متوجہ ہوگئی۔ اور دوسری پریشان ہوگئی، اور اس بارے میں بہت زیادہ بُرا محسوس کیا، اور پیچھے ہٹتی گئی، اور دُور چلی گئی، اور کافی فکر کرتی رہی۔ اور پھر اُس کے ذہن نے کام کرنا چھوڑدیا۔ اور وہ...وہ ایک پاگل خانے میں ہے۔ تھوڑی دیر میں، کرینڈل، انڈیانا سے، اُسکے ماں باپ آرہے ہیں، اور کل، وہ اسے میڈیسن کے، ادارے میں بھیجنے کی کوشش کریں گے۔

12 اب، لڑکی کو۔کو دیکھیں، لڑکی میں جسمانی کوئی بیماری نہیں ہے۔ اُس میں...جسمانی، کوئی خرابی نہیں ہے۔ وہ مکمل صحت مند ہے۔ اسکی وضاحت کرنا بہت زیادہ مشکل ہے۔ اور اسکو واقعی بیان نہیں کیا جاسکتا ہے۔ یہ کیا ہے، اُسکی روح بھٹک گئی ہے۔ سمجھے؟ اب، آپ۔آپ کو اُسکی روح تک پہنچنا ہوگا اور اُسے واپس اُس مقام پر لانا ہوگا۔ سمجھے؟ وہاں...

13 دیکھیں، کچھ ہفتے پہلے، ہم یہاں بات چیت کررہے تھے، انسانی نظام کیسے کام کرتا ہے۔ اور آپ پانچ حواس کے وسیلے بدن میں کیسے داخل ہوتے ہیں، اور آپ انہیں پانچ راستے بھی کہہ سکتے ہیں۔ ان پانچ راستوں، میں۔میں ضمیر، تصور، اور باقی ہیں، انکے وسیلے ہم سول میں داخل ہوتے ہیں۔ اور پھر جب آپ روح میں داخل ہوجاتے ہیں، تو پھر ایک ہی راستہ ہے، اور وہ ہے آزاد مرضی، جسکی بنیاد پر انسان تخلیق کیا گیا تھا۔

14 آپ اسے قبول کرسکتے ہیں، یا آپ اسے چھوڑ کر جاسکتے ہیں۔ آپ مسیح

کو مُنجی قبول کرسکتے ہیں، یا اُسے چھوڑ کر جا سکتے ہیں۔ اور آپ ابھی تک حیات کے درخت، اور موت کے درخت کے پاس کھڑے ہیں۔ہر انسان اُس درخت کے سامنے کھڑا ہوا ہے، ورنہ خُدا بے انصاف ٹھہرتا ہے کہ ایک کو وہاں رکھا تھا، اور پھر دوسرے کو اچھائی اور-اور بُرائی کا چناؤ کرنے کیلئے مساوی حق نہ دیا۔ اور ہم میں سے ہر ایک کو یہ موقع دیا گیا ہے۔

15 اسی طرح، اس میں، یعنی روح میں، ہم شفا پا سکتے ہیں، یا ہم شفا نہیں پا سکتے ہیں۔ اب، اسکا سبب یہ نہیں ہے کہ وہاں یہ نہیں ہے...اور ہم نے خُدا کے وسیلے شفا حاصل نہیں کی ہے۔ہم کرتے ہیں۔ کیونکہ یہ غیر مشروط عہد ہے۔ اور وہ ہماری شفا پہلے ہی خرید چکا ہے۔ اسلئے، ہماری شفا ہمارے لئے-لئے ہے۔ اور ہماری ہے۔ اور ہم اس پر ایمان رکھ کر، چاہے اس راستے کو اپنا لیں؛ یا، اس راستے پر، ایمان نہ رکھیں۔ اب، صرف ایک ہی راستہ ہے جسکے وسیلے ہم خُدا کی حضوری میں چل سکتے ہیں۔

16 اب، یہ بچی، خوبصورت ہے، اور اسکی ماں ایک اچھی دوست ہے۔ میں، میں...اوہ، اور میرے دوستوں میں سے ایک ہے۔ وہ ایک اچھی خاتون، اور پیاری لڑکی تھی، اور کٹر ناضرین خاندان سے تعلق رکھتی تھی۔ اور اُسکا شوہر بھی اچھا ہے۔ اور، جس لڑکے سے اُسکی شادی ہوئی ہے، میں بھی، اُسے اچھی طرح جانتا ہوں۔ اور وہ بس ایک...اُنہوں نے ان بچیوں کی

پرورش خُداوند کی خدمت کیلئے کی، اور انہیں سکول میں ڈال دیا۔ اور یہ مسیح میں مضبوط تھیں، اور کوئی غلط کام نہیں کرتی تھیں۔ لیکن یہ ہو گیا۔

17 بس یہ حادثہ ہو گیا، جسطرح میں نے... کچھ لمحے پہلے میں نے ماضی پر غور کیا، اور ایک چھوٹے لڑکے کو دیکھا، اُسکی حالت بھی، بالکل ایسی تھی۔ اور دیکھیں... ایک رات، ہم بھائی رائٹ کے گھر گئے، اور آرویل مکمل طور پر-پر پاگل پن کا شکار ہوگیا تھا۔ اور وہ، آپ جانتے ہیں، اُس نے مجھے اپنے گھر سے بھگانے کی کوشش کی؛ حالانکہ میں اور آرویل اچھے دوست ہیں، اور میں اُسکے والد کی طرح ہوں۔ اور اُسکے ماں باپ کی شادی بھی، میں نے کی تھی۔ اور وہ اچھلنے اور چِلانے لگا، "یہاں سے نکل جاؤ! یہاں سے چلے جاؤ! یہاں سے نکل جاؤ!" سمجھے؟

18 اب، ہمیں کیا کرنا تھا روح کی صف میں جانا تھا اور اُس لڑکے کی روح کو پکڑنا تھا۔ سمجھے؟ اُسکے چھوٹے دل کو غم نے گھیر لیا تھا۔ وہ جوان ہے، اور وہ بہت کچھ دیکھ چکا ہے۔ اور میں اُسے ٹھیک واپس اُس مقام پر لے آیا جہاں اُسے ہونا چاہیے تھا۔ کیا آپ سمجھ گئے ہیں؟ کچھ ہی دنوں میں، وہ-وہ ٹھیک ہوگیا۔

19 اب، یہی کچھ آپکو اسکے ساتھ کرنا پڑیگا۔ میں یہ دیکھ چکا ہوں، اور میں جانتا ہوں یہ سچ ہے۔ لیکن اب، بس... میری-میری آپ سب سے دعا کی

درخواست ہے، تاکہ -تاکہ خُدا میری اس لڑکی کو تلاش کرنے میں مدد کرے۔ باہر کسی مقام پر ہے، اور اُسے واپس اُسکے مقام پر لانا ہے، وہ نہیں جانتی وہ کہاں ہے۔ وہ مقام ایمان سے آئیگا۔ دیکھیں، لیکن وہ اپنے لئے ایمان نہیں رکھ سکتی ہے۔ وہ نہیں جانتی وہ کہاں ہے، کچھ نہیں جانتی۔ سمجھے؟ اب -اب یہاں ہمارے ایمان کی ضرورت ہے۔

20 اور اب، اس کیلئے، مسیح کے جی اُٹھنے کی قوت موجود ہے، جو ہمیں موقع فراہم کرتی ہے۔ اور یہیں پر، آپ کو، ایک طرح سے، خُدا کا کلام چھید کر رکھ دیتا ہے۔ اور اسے کلام کی منادی سے بڑھکر کام کرنا ہے اور آگے بڑھنا ہے۔ اسی سبب سے میں بیماروں پر دعا کرنے سے پہلے اس چھوٹے عنوان پر بولنا چاہتا ہوں۔ [ٹیپ پر خالی جگہ ہے-ایڈیٹر۔]

21 کیا آپ کو وہ رویا یاد ہے، زیادہ عرصہ نہیں ہوا، خُداوند نے مجھے عطا کی تھی، آپکو معلوم ہے، مجھے دوسری جانب کا نظارہ کروایا تھا؟ کیا آپ کو وہ صُبح یاد ہے جب میں دوسرے جہان کے نظارے کے بارے میں گواہی دے رہا تھا؟ دیکھیں، یہ حقیقت تھی۔

22 اور فُل گاسپل بزنس مینز وائس نے اس پر ایک آرٹیکل شائع کیا تھا، اور پیج کی پشت پر تصویر بھی دی تھی۔ اور اسکے ساتھ اُنہوں نے ایک اور کام بھی کیا تھا، اور اُسکے نیچے تھوڑا سا، خدمت کے بارے میں بھی لکھ دیا تھا۔

اور، یہ ایک انٹرنیشنل اخبار ہے جو بہت ساری مختلف زبانوں میں شائع ہوتا ہے۔ اور اُنہوں نے فرنٹ پیج، اور پہلا حصّہ، رویا کیلئے مخصوص کردیا تھا۔ سمجھے؟

23 اور میں اُنہیں یہاں لایا ہوں، اور میں چاہتا ہوں آپ ایک لیں، اور اُسے پڑھیں۔ اور سمجھیں...مجھے نہیں معلوم تھا، آج صُبح، کتنے بھائی یہاں آئیں گے۔ اور اگر، آپ، اسے حاصل نہیں پاتے، تو، آپ آفس چلے جائیں۔ اُنہوں نے آفس میں وہ رکھے ہوئے ہیں۔ اور، وہ ہمارے لئے ایک بنڈل تیار رکھتے ہیں: "پس آگے بڑھیں۔" دیکھیں؟ اور یہ سب باتیں میرے دل میں ہیں۔ اور، میں یہ سن رہا ہوں، کہ "آگے بڑھتے جاؤ۔" کیونکہ دریا کے-کے پار ایک-ایک اچھا دیس ہے۔ بس آئیں آگے بڑھتے جائیں جب تک وہ دیس ہمیں مل نہیں جاتا ہے۔

24 اب، میرا خیال ہے بھائی سٹرائیکر اور بہن سٹرائیکر کے چھوٹے بچے کی مخصوصیت ہے۔ پس وہ...

25 بہن سٹرائیکر، اب کتنے بچے ہیں؟ [بہن سٹرائیکر کہتی ہیں، "چھ۔"- ایڈیٹر۔] چھ بچے ہیں۔ یہ چھوٹا سا خوبصورت خاندان ہے۔

26 اور پس یہ لوگ...افریقہ میں-میں ہمارے مشنری تھے، اور، حال میں واپس آئے ہیں۔ اور انکے سارے چھوٹے بچے خوبصورت ہیں۔ اور جیسے یہ

آج صُبح مخصوصیت کی عبادت کیلئے لائے ہیں، میں دیکھ رہا ہوں، یہ بھی ویسا ہی ہے۔

27 ٹیڈی کہاں ہے؟ ٹیڈی، بیٹے، کیا تم تھوڑی دیر کیلئے، پیانو بجاوگے؟ اور- اور آئیں ہم ایک گیت، چھوٹا سا گیت گاتے ہیں، میرا خیال ہے، آپکو وہ چھوٹا گیت، آتا ہے، انہیں اندر لاؤ، آئیں ہم یہ گاتے ہیں-کیا یہ درست ہے؟"گناہوں کے میدانوں سے انہیں اندر لے آؤ۔"

28 اور یہی سبب ہے، کہ ہم یہ گاتے ہیں، کیونکہ ہم، تمام والدین، یہی کچھ کرسکتے ہیں، کہ انہیں مخصوصیت کیلئے لائیں۔ ہم انہیں خُداوند کیلئے مخصوص کررہے ہیں اور انہیں اندر لارہے ہیں جبکہ یہ ابھی بچے ہیں، تاکہ یہ باہر گناہ کے میدانوں میں نہ ٹھہریں۔ انہیں اندر لاؤ۔آئیں بس...ٹیڈی، کیا تمہیں یہ آتا ہے؟ اب ہم اسکا صرف ایک مصرعہ گائیں گے۔

انہیں اندر لاؤ، انہیں اندر لاؤ،

انہیں گناہوں کے میدانوں سے اندر لاؤ؛

انہیں لاؤ...

اگر کوئی اور بھی ہے، تو، اُسے بھی ابھی لے آئیں۔

چھوٹے بچوں کو یسُوع کے پاس لاؤ۔

انہیں اندر لاؤ، انہیں اندر لاؤ،

گناہوں کے میدانوں سے انہیں اندر لاؤ؛

انہیں اندر لاؤ، انہیں اندر لاؤ،

کھوئے ہووں کو یسُوع کے پاس لاؤ۔

29 بھائی سٹرائیکر اور بہن سٹرائیکر، میرا خیال ہے آپ اس گیت کا مطلب سمجھتے ہیں، "انہیں اندرلاؤ،" اور آپکی، یہ دلی خواہش ہے کہ کھوئے ہووں کو یسُوع کے پاس لایا جائے۔ اگر آپکا یہ بچہ، یا کوئی اور بچہ، مخصوص ہوئے بغیر بھی مرجائے، تو بھی، نجات پاجائیگا، کیونکہ یسُوع مسیح کے خون نے یہ کام کلوری پر کردیا ہے۔ لیکن ہم یہ اُسکی عظیم زمینی مسافرت کی یادگاری میں کرتے ہیں، اُس نے بچوں پر اپنے ہاتھ رکھے اور کہا، "انہیں میرے پاس آنے دو،" اسی سبب سے آج صُبح آپ اپنے بچے کو لائے ہیں۔ اور آپ ہم پر اعتماد کرتے ہیں، کہ ہم ایمان کے ساتھ دعا کریں، کہ ہم اس چھوٹے بچے، اور اسکی زندگی کو خُدا کیلئے مخصوص کریں۔

30 اسکا نام کیا ہے؟[والد کہتے ہیں، "میریلن میج سٹرائیکر۔"-ایڈیٹر۔] میریلن میج، میریلن میج سٹرائیکر۔ اسکی عمر کتنی ہے؟[والدہ کہتی ہے، "تیرہ مہینے۔"] تیرہ مہینے۔ یہ افریقہ میں پیدا ہوئی تھی، کیا یہ درست ہے؟["جی ہاں۔"] ٹھیک ہے، کاش، اگر کوئی کل باقی ہے، تو یہ چھوٹی بچی ایک مشنری

بن کر وہاں جائے، اور اُس کھیت میں جائے جہاں یہ پیدا ہوئی تھی۔ اور یہ ایک-ایک خوبصورت بچی ہے۔ بھائی نیول، کیا آپ یہاں آئیں گے؟

31 اور، میریلن۔ اوہ، میرے خُدایا! میں چھوٹے بچونکو ہمیشہ پسند کرتا ہوں۔ کیا یہ چھوٹی بچی خوبصورت نہیں ہے؟ آپ کیسی ہیں؟ آپکا کیا حال ہے؟ آئیں اپنے سروں کو جھکاتے ہیں۔ میں چاہتا ہوں آپ، اپنے ہاتھ اس پر رکھیں۔

32 ہمارے آسمانی باپ، ہم میریلن میج سٹرائیکر کو تیرے حضور لاتے ہیں، یہ پیاری بچی مشن کے میدانوں میں پیدا ہوئی تھی، جب جنگ عروج پر چل رہی تھی۔ میں اس بچی کیلئے برکت کی دعا مانگتا ہوں۔ بائبل میں، وہ چھوٹے بچونکو تیرے پاس لائے۔ تُو نے اُن پر ہاتھ رکھے اور برکت دی، اور کہا، "چھوٹے بچونکو میرے پاس آنے دو، انہیں منع نہ کرو؛ کیونکہ آسمان کی باشادہی ایسوں ہی کی ہے۔"

33 ماں باپ نے اسے آج، ہمارے ہاتھوں میں دے دیا ہے۔ ہم، ایمان کے وسیلے، سیڑھیاں چڑھکر، آگے بڑھتے ہوئے، یقین کے ساتھ، اسے تیرے ہاتھوں میں دیتے ہیں۔ اسکی زندگی کو برکت دے۔ خُداوند، اسے لمبی زندگی عطا کر۔ تاکہ یہ خُدا کی بیٹی بنی رہے۔ یہ اپنی پوری زندگی تیری خدمت کرے، اور اسکا ہر ایک ریشہ، مسیح کا خادم بنا رہے۔ اے باپ، یہ بخش دے۔ اسکے ماں

باپ، اسکے چھوٹے بہن بھائیوں کو برکت دے۔ انکی ایسی پرورش ہو، تاکہ، یہ خُدا کی خدمت کیلئے ایک جلالی خاندان بن جائے۔

34 اے باپ، ہم میریلن سیج کی زندگی کو، یسُوع مسیح کے نام میں، تیری خدمت کیلئے تیرے سپرد کرتے ہیں۔ اسے، اوراسکے باپ کو، اوراسکی ماں کو، اور اسکے عزیزوں کو برکت دے۔ اور انہیں اپنی خدمت کیلئے لمبی، اور خوشحال زندگی عطا کردے۔یسُوع کے نام میں۔آمین۔

35 بھائی سٹرائیکر، خُدا آپکو برکت دے۔خُدا آپکو برکت دے۔اس چھوٹی خاتون پر برکتیں نازل ہوں۔

بیٹے، ٹیڈی، آپ کا شکریہ۔

36 میں چھوٹے بچوں سے پیار کرتا ہوں۔کیا آپ نہیں؟

37 خُداوند نے جو رویا مجھے دی تھی کتنوں نے وہ نہیں سنی؟جنہوں نے کبھی نہیں سنی، وہ اپنے ہاتھ بلند کریں۔ بھائی نیول، کیا آپکی نوٹ بک آپکے پاس ہے، ہوسکتا ہے، اگلے کچھ لمحوں میں، آپکو اس میں سے پڑھکر سنانا پڑے۔ میں اس پر ایمان رکھتا ہوں... اگر آپ چاہیں، تو ابھی پڑھ سکتے ہیں۔

38 [بھائی نیول فروری، 1961 فُل گاسپل مینز وائس کو پڑھتے ہیں-ایڈیٹر۔]

[ایک صُبح کا واقع ہے میں اپنے پلنگ پر لیٹا ہوا تھا۔ میں نیند سے جاگا

ہی تھا، اور اپنے ہاتھ اپنے سر کے پیچھے کرکے تکیے کے ساتھ ٹیک لگا کر آرام کررہا تھا۔ پھر سوچنے لگا دوسرے جہان میں کیا ہوگا۔ اور میں نے محسوس کیا اگر میری زندگی باقی لوگوں کے برابر ہوگی تو میں اپنی نصف زندگی گزار چکا ہوں، جبکہ میں اس زندگی کے خاتمے سے پہلے خُداوند کیلئے کچھ کرنا چاہتا ہوں۔]

[میں نے ایک آواز کو یہ کہتے سنا: تُو نے ابھی آغاز ہی کیا ہے ! جنگ جاری رکھ ! آگے بڑھتا جا !" اور ان الفاظ پر غور کرتے ہوئے، میں نے سوچا یہ میرا تصور ہے کہ میں نے ایک آواز سنی ہے۔ دوبارہ آواز نے کہا: "جنگ جاری رکھ ! آگے بڑھتا جا ! آگے بڑھتا جا !" پھر میں نے یقین نہ کیا، اور میں نے سوچا ہوسکتا ہے یہ میرے اپنے الفاظ ہوں۔ میں نے اپنے لب دانتوں میں دبائے اور اپنے مُنہ پر ہاتھ رکھ لیا اور سنا۔ آواز دوبارہ مجھ سے مخاطب ہوئی: "بس آگے بڑھتا جا ! فقط تُو ہی جانتا ہے اس راستے کی انتہا کیا ہے !" ایسا لگا موسیقی کی آواز سن رہا ہوں، اور یہ پرانہ مشہور گیت تھا:]

[میں گھر جانے کیلئے بیتاب ہوں، اور یسُوع کو دیکھنے کا
مشتاق ہوں،]
[میں اُن دلسوز گھنٹیوں کی آواز سننا چاہتا ہوں،]

[اس سے میری راہ روشن اور خطرہ دُور ہوجائیگا؛]
[خُداوند، مجھے گزرے وقت کے پردے کے پار دیکھنے
دے۔]

[پھر اُس آواز نے کہا: "کیا تُو ابھی پردے کے پار دیکھنا چاہتا ہے؟"
میں نے جواب دیا: "یہ میرے لئے بہت زیادہ مددگار ہوگا]

[پھر کیا ہوا میں وہ بیان نہیں کرسکتا۔ میں بدن میں تھا یا میں بغیر بدن کے تھا، یا یہ تبدیلی تھی، یہ بات مجھے نہیں معلوم، لیکن میں نے جتنی رویائیں دیکھی تھیں یہ اُن سے الگ تھی۔ میں اُس مقام کو دیکھ سکتا تھا جہاں مجھے پہنچا دیا گیا تھا اور میں اپنے آپکو پیچھے اپنے پلنگ پر لیٹا ہوا بھی دیکھ سکتا تھا۔ میں نے کہا: "یہ عجیب بات ہے!"]

[وہاں بہت زیادہ لوگ تھے جو بھاگتے ہوئے میرے پاس آئے، اور پکارکر کہا: اوہ، ہمارا بیش قیمت بھائی!" سب سے پہلے جوان خواتین آئیں، جو تقریباً بیس سال کی تھیں، اور وہ میرے گلے لگ کر کہنے لگیں: "ہمارا بیش قیمت بھائی!" جوان مرد، اپنی بھرپور جوانی میں تھے، جنکی آنکھیں ایسے چمک رہی تھیں جیسے تاریکی میں تارے چمکتے ہیں، اور دانت موتیوں کی طرح سفید تھے، وہ مجھے گلے لگا کر، کہنے لگے، "ہمارا بیش قیمت بھائی۔"]

[اور، پھر، میں نے دھیان دیا تو میں بھی دوبارہ جوان ہوگیا تھا۔ میں نے پیچھے مُڑ کر دیکھا تو میرا بوڑھا بدن پلنگ پر پڑا تھا اور میرے ہاتھ میرے سر کے پیچھے تھے۔ میں نے کہا: "یہ بات میری عقل سے بالاتر ہے!"]

[اور جس مقام پر میں پہنچ گیا تھا جب میں نے اُسے پہچاننے کی کوشش کی، تو وہاں ماضی یا مستقبل نہیں تھا۔ وہاں کوئی تھکاوٹ نہیں تھی۔ خوبصورت خواتین تھیں جو شاید میں نے کبھی دیکھی ہوں اُن کی ایک بڑی بھیڑ مجھے گلے لگا رہی تھی، میں جانتا ہوں وہاں ایک عظیم محبت کا احساس تھا جو پوری طرح مجھ پر چھایا ہوا تھا لیکن انسانی رویہ میں جسمانی کشش کا وہاں کوئی احساس نہیں تھا۔ میں نے دھیان دیا تو اُن خواتین کے بال کمر تک لمبے تھے اور اُن کا لباس اُنکے پاؤں تک تھا۔]

[اسکے بعد، میری پہلی بیوی، ہوپ، مجھ سے گلے ملی، اور کہا: "میرا بیش قیمت بھائی!" پھر ایک اور جوان خاتون میرے گلے ملی اور ہوپ مُڑی اور اُس خاتون کے گلے ملی۔ میں نے کہا: "یہ بات میری عقل سے باہر ہے۔ یہ چیز ہماری انسانی محبت سے بالکل الگ ہے۔ اور میں پلنگ پر پڑے ہوئے اُس ضعیف بدن میں واپس نہیں جانا چاہتا تھا۔"]

پھر ایک آواز مجھ سے مخاطب ہوئی اور کہا:"یہ وہی پاک روح ہے جسکی تُو منادی کرتا رہا ہے !یہ کامل محبت ہے۔ اور اسکے بغیر کوئی یہاں داخل نہیں ہوسکتا ہے !"]

[پھر مجھے وہاں سے اُٹھا کر ایک بلند مقام پر بٹھا دیا گیا۔ اور میری چاروں طرف بیشمار آدمی اور عورتیں اپنی بھرپور جوانی میں موجود تھے۔ اور وہ خوشی سے، پکار پکار کر کہہ رہے تھے:"اوہ، ہم آپکو یہاں دیکھ کر بہت خوش ہیں، ہمارے بیش قیمت بھائی !" میں نے سوچا:"کہیں میں خواب تو نہیں دیکھ رہا، کیونکہ میں انہیں بھی دیکھ رہا ہوں اور نیچے پلنگ پر اپنے بدن کو بھی دیکھ رہا ہوں۔"]

[اُس آواز نے مجھ سے کہا:"کیا تُو جانتا ہے یہ بائبل میں لکھا ہوا ہے نبی اپنے لوگوں کے ساتھ جمع ہوتے تھے۔" میں نے کہا:"جی ہاں مجھے یاد ہے یہ کلام میں لکھا ہوا ہے، لیکن بریتھم خاندان میں اتنے لوگ نہیں ہیں۔" آواز نے کہا:"یہ بریتھم نہیں ہیں-یہ تیری منادی سے بچنے والے لوگ ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جنہیں تُو خُداوند کے پاس لایا تھا۔ یہاں کچھ خواتین ہیں جو جوان اور حسین ہیں اور جب تُو انہیں خُدا وند کے پاس لایا تھا انکی عمر نوے سال تھی۔ تعجب کی بات نہیں وہ پکار رہے تھے، 'ہمارا بیش قیمت بھائی !'" پھر ساری بھیڑ ایک ساتھ پکار

اُٹھی: "اگر آپ ہمیں انجیل نہ سناتے، تو ہم یہاں نہ ہوتے!"]

[میں نے کہا: "اوہ، یسُوع کہاں ہے؟ میں اُسے ملنا چاہتا ہوں!" لوگوں نے کہا: "وہ تھوڑا سا اوپر ہے۔ ایک دن وہ تمہارے پاس آئیگا۔ آپکو ایک رہنما بنا کر بھیجا گیا تھا، اور جب خُدا آئیگا، تو آپکی تعلیم کے مطابق آپکا انصاف کریگا۔" میں نے کہا: "کیا پولُس اور پطرس کو بھی عدالت میں جانا پڑیگا؟" جواب میں کہا: "ہاں!" میں نے کہا، "میں نے وہی تعلیم دی ہے جو اُنہوں نے دی تھی۔ میں اُس تعلیم سے آگے پیچھے نہیں ہوا۔ اُنہوں نے یسُوع نام میں بپتسمہ دیا تھا، میں نے بھی ایسا ہی کیا؛ اُنہوں نے پاک روح کے بپتسمے کی تعلیم دی تھی، میں نے بھی دی۔ جو کچھ اُنہوں نے سکھایا تھا، میں نے بھی، وہی کچھ سکھایا۔"]

["لوگ پکار اُٹھے، "ہمیں یہ معلوم ہے، "اور ہم یہ جانتے ہیں ہم ایک دن آپکے ساتھ زمین پر جائیں گے۔ یسُوع آئیگا اور آپکی اُس تعلیم کے ساتھ جو آپ نے ہمارے سامنے پیش کی تھی آپکی عدالت کریگا۔ پھر آپ ہمیں یسُوع کے آگے پیش کریں گے، اسکے بعد ہم ہمیشہ زندہ رہنے کیلئے اکٹھے زمین پر واپس چلے جائیں گے۔" میں نے کہا: "کیا اب، مجھے زمین پر واپس جانا ہوگا؟" اُنہوں نے کہا: "جی ہاں، لیکن کام جاری

رکھیں !"]

[اور جب میں نے اُس حسین، اور شادمان مقام سے ہٹنا شروع کیا، تو جہاں تک میں دیکھ سکتا تھا، لوگ مجھ سے گلے ملنے کیلئے آرہے تھے، اور پکار رہے تھے: "ہمارا بیش قیمت بھائی !"]

[اور فوراً میں پلنگ پر واپس آگیا۔ میں نے کہا: "اوہ، خُدایا، میری مدد کر ! تاکہ میں کلام پر کبھی سمجھوتہ نہ کروں۔ مجھے کلام میں قائم رکھنا۔ خُداوند، مجھے کوئی پروا نہیں کون کیا کرتا ہے، لیکن مجھے اُس حسین اور شادمان مقام کی، جانب بڑھنا ہے !"]

[میں اپنی زندگی میں پہلے سے بھی زیادہ قائل ہوگیا ہوں کہ اُس مقام میں جانے کیلئے کامل محبت کی ضرورت ہے۔ وہاں حسد نہیں، وہاں تھکاوٹ نہیں، وہاں بیماری، اور بڑھاپا نہیں، وہاں موت نہیں تھی۔ فقط اعلیٰ ترین خوبصورتی اور شادمانی تھی !]

[آپ جو کچھ بھی کررہے ہیں، اُسے ایک طرف رکھ دیں اور کامل محبت حاصل کریں ! ہر کسی سے محبت کریں، یہاں تک کہ اپنے دشمن سے بھی محبت کریں۔ چاہے دشوار راستہ ہو، بجلی چمک رہی ہو، اور دشمن کی توپوں کے رُخ آپکی جانب ہوں، ان باتوں کی فکر نہ کریں: بس کامل محبت حاصل کریں !]

[اگر آپ نے نجات نہیں پائی، تو ابھی یسُوع مسیح کو اپنا مُنجی قبول کرلیں ! اگر آپ نے پانی کا بپتسمہ نہیں لیا، تو ابھی لے لیں ! اگر آپ نے پاک روح کا بپتسمہ حاصل نہیں کیا، تو ابھی کرلیں ! کامل محبت کو حاصل کریں جو آپکو اُس حسین اور شادمان مقام پر وقت کے پردے کے پار لے جائیگی ! ]

39 بھائی نیول، پڑھنے کیلئے، آپ شکریہ۔ یہی... میرا خیال تھا، شاید، آپ میں سے کچھ لوگوں نے اسے پڑھا ہوگا۔ اور اگر آپکے پاس یہ کتابچہ نہیں ہے، تو، آپ اسے لے سکتے ہیں۔

40 پھر پیج کے نیچے، دائیں جانب، اُس نے میری خدمت کے بارے میں لکھا ہوا ہے۔ مجھے نہیں معلوم آپ نے اس پر غور کیا ہے یا نہیں، جب آپ اسے پڑھ لیتے ہیں، تو یہ نیچے دائیں جانب ہے۔ نیچے دائیں جانب، تھوڑا سا نیچے اندارج ہے۔ [ٹیپ پر خالی جگہ ہے- ایڈیٹر۔]

41 اب، یہ اخبار آسمان کے نیچے تمام زبانوں میں پوری دنیا میں جاتا ہے، آپ دیکھیں، یہ- یہ پوری دنیا میں پڑھا جاتا ہے۔

42 اب، "کیا- کیا..." ٹھیک ہے، آپ کہتے ہیں، آپ کیا کہیں گے، "بھائی برینہم، اس سے پہلے آپ بیماروں کیلئے دعا کریں؟"

43 اور اسکا سبب یہ ہے: کہ ہم جانتے ہیں کہ ہماری محنتیں بیکار نہیں ہیں۔ سمجھے؟ ہم محبت اور ایمان کے وسیلے خُداتک رسائی حاصل کرلیں گے۔ ایمان ہمیں اس راستے پر لاتا ہے۔ محبت ہمیں اس میں داخل کردیتی ہے۔ (معذرت خواہ ہوں۔) [ٹیپ پر خالی جگہ ہے-ایڈیٹر۔]

44 اب، آپکا کیا خیال ہے کہ خُدا یہ... اب آئیں... اب، کیا آپکا ایمان اسکا مقام پر پہنچ گیا ہے، آپکا کیا خیال ہے...؟ اب آپ ان تمام کوششوں کے بارے میں کیا سوچتے ہیں... جو اس ٹیبر نیکل میں اور لوگوں کے اس گروہ میں، خُدا کی بادشاہی کیلئے کی جاتی ہیں؟ یہاں بہت سارے لوگ ہیں، جو خُدا کی بادشاہی کیلئے آپکے بچوں کو وظائف دیتے ہیں-یہاں بہت سارے ہیں، جو خُدا کی بادشاہی کیلئے اپنے کپڑوں کے بغیر چلے گئے۔ یہاں بہت سارے ہیں جو طوفانوں سے گزرے، بغیر جوتوں کے ننگے پاؤں سفر کرکے، خُدا کی بادشاہی کیلئے، ٹھیک یہاں، اس ٹیبر نیکل میں پہنچے۔

45 کیا آپ تصور کرسکتے ہیں ایک مصور ایک عظیم، خوبصورت تصویر بنائے، اور جب وہ شاندار بن جائے، تو اُسے پھاڑ ڈالے؟ تو پھر اُس مصور کے ساتھ کوئی مسلہ ہے۔ کیا آپ تصور کرسکتے ہیں ایک موسیقار ایک گیت کی شاندار دُھن بناتا ہے، اور پھر اُس-اُس دُھن کو خراب کردیتا ہے؟ تو پھر اُس موسیقار کے ساتھ کوئی مسلہ ہے۔ سمجھے؟ لیکن خُدا کے ساتھ کوئی مسلہ

نہیں ہے۔ خُدا کوئی ایسی چیز نہیں بناتا ہے، کہ اُسے خراب کر کے باہر پھینک دے۔ کیونکہ یہ اُسکی بادشاہی کیلئے ہے۔ کیونکہ یہ اُسکے جلال کیلئے ہے۔

46 ہم میں سے ہر ایک اس تصویر اور اس گیت میں ایک کردار ادا کرتا ہے۔ ہم خُدا کی بادشاہی کے حصے دار ہیں۔ اور بات یہ ہے، ہمیں اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہے، اور جیسے ہی ہمیں احساس ہوجاتا ہے، ہم اس مقام پر ہیں، تو ہمیں اپنی پوزیشن کے ساتھ اپنے مقام پر پختگی سے کھڑے ہوجانا چاہیے۔ اور ہمیں معلوم ہے یہ ایک مقام ہے، یہ محبت میں ملتا ہے، کیونکہ یہی چیز ایک تصویر بناتی ہے۔

47 دیکھیں، جب ہم ایسی رویاؤں، اور خوابوں کو دیکھتے ہیں، تو یہ جاننا مشکل ہوجاتا ہے کہ دوسری جانب کیا-کیا ہے۔ میں نے اسکی خواہش کی اور میں نے دیکھ لیا۔ اُس آدمی نے اُس میں، لکھا تھا، قدیم نبی کیسے یہ رویائیں دیکھتے تھے، اور کیسے، آج، اُس سے بھی آگے، یہاں تک کہ... ہم اسے سمجھ نہیں سکتے، لیکن خُداوند نے ہمیں اس میں جانے دیا تاکہ دیکھ سکیں یہ کیا ہے۔

48 اب، دوستو، میں سویا ہوا نہیں تھا۔ بلکہ میں ایسے تھا، جیسے آپ اور میں، اور یہ چرچ ہے، میں رویا میں نہیں تھا۔ میں جانتا ہوں رویا کیا ہوتی ہے۔ دیکھیں، گزشتہ ہفتے، یہاں، تقریباً، ایک رات میں، یہاں، تیس رویائیں نازل ہوئیں۔ آپ تصور کرسکتے ہیں ایسے آپ پر کتنا بوجھ ہوتا ہے۔ بیشک، یہ آپکو

پریشان کردیتا ہے۔

49 اگر آپ اسطرح کی عبادت میں گئے ہوتے، اور اُسکی ساری ذمہ داری آپ پر ہوتی، اگر عبادت ٹھیک ہوتی یا نہ ہوتی، تو، آپکے ساتھ کیا ہوتا، یہ-یہ ذمہ داری ہے؟ آپ کو ہر خادم، ہر سوال، اور چیز کا حساب دینا پڑتا ہے۔ میٹنگ کے درست یا غلط ہونے کی، ساری ذمہ داری، صرف، آپ پر ہو۔ تو دیکھیں پھر آپکے ساتھ کیا ہوگا۔

50 اور میرے کچھ معاون، جو کتابیں فروخت کرتے ہیں، اور باقی کام کرتے ہیں، بہت زیادہ پریشان ہوگئے، دیکھیں، وہ گھر جاکر سو گئے، اور اُس رات، چرچ میں نہ آئے۔ خُدایا! اوہ، یہ خوفناک بات تھی۔ لیکن میری بہو، لوئیس، ایک اچھی مسیحی لڑکی ہے۔ بس-بس عبادت میں جاتی رہی، اور اسی طرح... آٹھ ہفتے، یا سات ہفتے، مسلسل شامل ہوتی رہی، اور کسی بھی ذمہ داری کے بغیر، دیکھیں، ایک یا دو دن اپنے بستر پر پڑی رہی۔ سمجھے؟ بلی نے بھی، کچھ دعائیہ کارڈ تقسیم کیے، اور باقی پھاڑ دئیے۔

51 لیکن، دیکھیں، سارا بوجھ میرے کندھوں پر ہوتا ہے۔ اور مجھے آپکی دعاؤں کی ضرورت ہوتی ہے۔ سمجھے؟ اور اسکے علاوہ، یہ بھی دعویٰ کیا جاتا ہے کہ-کہ روح کی-کی تحریک سے، بیس منٹ کلام سنانا، آٹھ گھنٹے کی، جسمانی محنت کے برابر ہے۔ اور میں تو ہر روز دو یا تین گھنٹے تک کلام سناتا ہوں؛ اور

کبھی کبھی دن میں تین مرتبہ سناتا ہوں۔ سمجھے؟

52 اور پھر ایک رویا کے بارے میں کیا خیال ہے؟ایک رویا نے ہمارے خُداوند یسُوع کو جسمانی کمزوری میں بتلا کردیا تھا۔ یہ سچ ہے۔ بائبل کہتی ہے ایک عورت نے اُسکے لباس کا ایک کنارہ چھوا تھا،جسکی وجہ سے اُسے کمزوری محسوس ہوئی۔ خیر، اگرایک رویا نے، اُسے،یعنی خُدا کے بیٹے کو کمزور کردیا تھا؛ تو پھر میں ایک گناہ گار کیا چیز ہوں، جسے فضل سے نجات ملی ہے، اورایک رات میں تیس رویائیں دیکھنے سے کیا حال ہوا ہوگا؟ سمجھے؟ یہ... اگرہم اس پر غور کریں،تو یہ چیز ایک انسان کی پہنچ سے باہر ہے۔ انسانی بدن اسکی برداشت نہیں کرسکتا۔ اور میں کسی پاگل خانے کی دیوار سے،ٹکریں ماررہا ہوتا۔ سمجھے؟ یہ-یہ ایسی کمزوری ہوتی ہے جو آپ برداشت نہیں کرسکتے ہیں...یہ باطنی کمزوری ہوتی ہے،جو،گویا آدمی کو مارڈالتی ہے۔

53 پھر، آپ کس جانب جائیں گے؟میں یہ رائے دے سکتا ہوں۔ میں یہاں بھائی کاکس اور بہن کاکس، اور روڈنی، اور اُسکی بیوی، اور بہن کو،یہاں، دیکھ رہا ہوں، انہوں نے حال ہی میں نجات پائی ہے۔ لیکن دُور کہیں، ایک دیس موجود ہے، کاش آپ کبھی اپنے ذہنی خیالات سے اُسکا نظارہ کرسکتے، وہ سب سے زیادہ جلالی چیز ہے۔اور وہ اس لائق ہے کہ ہم اُسکے لئے ہر طرح کی کوشش کریں۔ سمجھے؟

54 اب، 'بیماروں کیلئے دعا کرنے سے پہلے، میں یہ کہنا چاہتا ہوں:

55 آئیں اس بات کو دیکھتے ہیں، اگر بچہ، پیدا ہونے سے پہلے، ایک چھوٹا بچہ، جو نو مہینے اپنی ماں کے پیٹ میں رہتا ہے، اگر وہ سوچ سکتا؟ تو وہ کہتا، "کیا آپ کو معلوم ہے؟ وہ کہتے ہیں تُو جنم لینے کیلئے تیار ہے۔ خیر، میں باہر آکر کیا کرونگا؟ میں جہاں رہتا ہوں اس جگہ کے علاوہ میں کچھ نہیں جانتا ہوں۔ مجھے قوت اندر سے ملتی ہے۔ پھر میں وہاں کیسے زندہ رہونگا؟ وہ مجھے بتا رہے ہیں باہر ایک چمکتا ہوا سورج ہے۔ وہ کہتے ہیں باہر کی دنیا میں لوگ چلتے پھرتے ہیں۔ لیکن میں تو اس جگہ کے سوا وہاں کے بارے میں کچھ نہیں جانتا۔ میں تو بس یہ جانتا ہوں، اپنی ماں کے۔ کے پیٹ میں کیسے رہنا ہے۔ میری پرورش یہیں ہوئی ہے۔ میں بس، اس پیٹ کے بارے میں جانتا ہوں۔ لیکن مجھے بتایا گیا ہے باہر کی دنیا بہت بڑی ہے!"

56 دیکھیں، اسطرح وہ چھوٹا بچہ جنم لینے سے،، بہت زیادہ خوفزدہ ہو جائیگا۔ کیا یہ سچ ہے؟ وہ موت کے خوف میں بتلا ہو جائیگا، 'کیونکہ وہ ایسی جگہ آرہا ہے جسکے بارے میں وہ کچھ نہیں جانتا، جو کہ بہت بڑی ہے، اُس سے لاکھوں گناہ بڑی ہے، جہاں وہ رہتا ہے۔ وہ اُسے سمجھ نہیں پائیگا، وہ کیا ہے، وہ کہے گا، "میں، وہاں کیا کرنے جا رہا ہوں؟" وہ جنم لینے کی بجائے، موت کے خوف میں بتلا ہو جائیگا، لیکن ہم جو آج باہر کی دنیا میں ہیں، دیکھیں، ہم کبھی

وہاں تھے، لیکن ہم اب کسی بھی طرح واپس جانا نہیں چاہیں گے، ہم دوبارہ ماں کے پیٹ میں جانا پسند نہیں کرینگے۔ سمجھے؟ نہیں، دیکھیں ہم یہ کبھی نہیں چاہیں گے۔

57 اور جب ہم مرنے لگتے ہیں تو اسی طرح کا معاملہ ہوتا ہے، دوستو۔ اوہ، خُدایا! سمجھے؟ آپ ایک جگہ پر جنم لے رہے ہیں۔ جہاں آپ کبھی نہیں گئے تھے۔ آپ اُسے سمجھ نہیں سکتے ہیں، وہ کتنی بڑی جگہ ہے۔ "اور وہاں باہر کی دنیا میں کیا کیا ہوگا؟ میں..." ایک ہی چیز کو میں، اور آپ محسوس کر سکتے ہیں، اور وہ زندگی کا لمس ہے، جیسے ماں کے پیٹ میں بچہ روح کے داخل ہونے کو محسوس کرتا ہے۔ دیکھیں؟ بس یہی ایک طریقہ ہے جس سے ہم سمجھ سکتے ہیں کہ وہ عظیم دیس ہے، وہاں بیماری نہیں، وہاں دُکھ نہیں، وہاں موت نہیں، وہاں بڑھاپا نہیں، ایسا کچھ نہیں۔ اوہ، میرے خُدایا!

58 دیکھیں، اگر آپ ایک بار وہاں چلے گئے، تو دوبارہ اس جگہ واپس کبھی بھی آنا نہیں چاہیں گے، جیسے ایک بچہ ماں کے پیٹ میں واپس جانا نہیں چاہتا ہے۔ سمجھے؟ دیکھیں، دوسرا جہان، اتنا زیادہ عظیم ہے۔ ہم اس بات کو سمجھ نہیں سکتے ہیں، یقیناً، ہم اسے سمجھ نہیں سکتے۔ دیکھیں، جیسے وہ چھوٹا بچہ اسے سمجھ نہیں سکتا ہے، ویسے ہی ہم سمجھ نہیں سکتے ہیں اگلے جہان میں کیا کیا ہوگا، دیکھیں، کیونکہ ہم بھی زمین کے پیٹ میں ہیں، اور کسی دن، نئی دنیا، اور

نئی بادشاہی میں پیدا ہو جائیں گے۔

59 اور اسی طرح میں ان رویاؤں اور باقی باتوں کے بارے میں محسوس کرتا ہوں، یا جیسا میرے ساتھ اُس دن ہوا جب میں، دوسرے جہان میں چلا گیا تھا، اور دیکھا کہ وہاں کیا تھا، اور پھر واپس یہاں آگیا۔

60 کیا آپ ایک بچے کی طرح سوچ سکتے ہیں تاکہ-تاکہ آپ کو-کو علم ہو جائے، کہ وہاں کا چلنا پھرنا کیسا شاندار تھا، وہاں پھول کھل رہے ہیں، اور پرندے گا رہے ہیں، اور سورج چمک رہا ہے، اس قسم کی زندگی ہے، اور پھر آپکو واپس ماں کے پیٹ میں جانا پڑے؟ تو، آپ بالکل بھی واپس نہیں، جانا چاہیں گے۔

61 خیر، پھر، ہم، اُس پار ایک مقام پر ٹھہر جائیں گے، اور اپنے-اپنے ذہن سے سوچنے لگ جائیں گے، کہ اُس پار کیا ہے۔ جبکہ، کلام فرماتا ہے، "جو آنکھوں نے نہ دیکھا، کانوں نے نہ سنا، نہ آدمی کے دل میں آیا، وہ خُدا نے اپنے محبت کرنے والوں کیلئے، تیار کر دیا۔" سمجھے؟ اسلئے ہم جانتے ہیں دوسرا جہان جلالی ہے۔ ایک دن، موت، جسے ہم موت کہتے ہیں، ہمیں ایک نیا جنم دیگی، پھر ہم اُس پار، دوسرے جہان میں چلے جائیں گے۔

62 بھائی جورج، آپ وہاں، مفلوج، یا بوڑھے نہیں ہونگے۔ اور بھائی سپنسر اور بہن سپنسر، اور ہماری طرح کے، کچھ ضعیف لوگ، وہاں سدا کیلئے

جوان ہوجائیں گے۔

یہ پرانہ...یہ گوشت کا بدن گر جائیگا، اور میں زندہ ہوکر
ایک ابدی انعام حاصل کرونگا،
اور ہوا پر سفر کرتے ہوئے، زور سے پکارونگا،
"الوداع، الوداع، دعا کے پیارے لمحے !"

63 پھر، یہ لمحہ ختم ہوجائیگا۔ پھر مزید، دعا کی لمبی راتیں ختم ہوجائیں گی۔ اور پھر ہم وہاں جوان، اور خوشحال جہان میں داخل ہوجائینگے، ایک سال، یا پچاس سال، یا دس لاکھ سالوں کیلئے نہیں، بلکہ ہم وہاں عربوں سال بھی گزار لیں گے، تو ہماری ابتدا نہیں ہوگی۔ یہ بات ہے۔ آج صُبح ہم بہت زیادہ خوشی کیوں نہ منائیں؟ ہم شادمانی کیوں نہ کریں؟ ہم ہر اُس عظیم چیز سے فائدہ کیوں نہ اُٹھائیں جو خُدا نے ہمیں عطا کی ہے؟

64 الٰہی شفا یہاں موجود ہے۔ یسُوع نے کیوں مار کھائی تھی؛ کیا اس تصویر کو پھاڑ کر کہنے، کیلئے، "کہ اس میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے"؟ اُسکے بدن کو مارا گیا، اُسکی پسلیاں نظر آنے لگ گئیں، تاکہ، "اُسکے مار کھانے سے ہم شفا پائیں۔" آئیں آج صُبح، ہم تصویر کو نہ پھاڑیں۔ بلکہ اسے قبول کریں، اور اسے گلے لگا لیں۔

65 اب، بھائی، آپ میں سے ہر ایک جو دعا کروانا چاہتا ہے، آپ سب الٹر

کے قریب آجائیں۔ تھوڑی دیر پہلے، جب غیر زبانوں میں پیغام دیا گیا تھا، تو اُسکے ترجمے میں کہا گیا تھا، ہم بیماروں پر ہاتھ رکھیں گے تو خُدا کے بڑے بڑے کاموں کو دیکھیں گے۔

66 اب، یہ ہمارا بھائی، اُٹھ نہیں سکتا ہے، یہ بھائی، چارپائی پر پڑا ہوا ہے۔ ہم اسکے پاس آئیں گے۔

67 اور باقی لوگ جو دعا کروانا چاہتے ہیں، آپ یہاں الٹر کے گرد اکٹھے ہوجائیں، جبکہ میں اور بھائی بیماروں پر ہاتھ رکھ کر دعا کرتے ہیں، آپ ابھی آئیں۔ اور اس تصویر کو گلے لگالیں، اور اسے یاد رکھیں، "ہم نے یسُوع کے مارکھانے سے نجات پائی ہے۔"

68 "خُداوند، یہ بات میری سمجھ سے باہر ہے۔" یقیناً، آپ سمجھ نہیں سکتے ہیں۔ کیونکہ آپ ابھی تک زمین کے پیٹ میں ہیں۔

69 لیکن اُس نے بھی اسکی تیاری کی تھی۔ اور کیا وہ نہیں لیکر جائیگا... اُس نے کیوں مار کھائی تھی؟ کیا تصویر کو پھاڑنے کیلئے، یا گیت کی، دُھن کو خراب کرنے کیلئے؟ جی، نہیں۔ اُس نے مار کھائی، وہ گھائل کیا گیا، اُسکا لہو بہایا گیا، تاکہ ہم شفا پائیں۔ اور، ہم سب نے، "اُسکے مار کھانے سے، شفا پائی ہے، "ہم میں سے ہر ایک نے پائی ہے۔ اسلئے، اب آپ، مذبح کے چوگرد دعا کیلئے اکٹھے ہورہے ہیں۔

70 اب،یہاں امریکہ میں بہت سے سُپر ڈُوپر بشارتی کام کرنے والے،کہتے ہیں، "آپ یہ کریں، اورآپ وہ کریں۔"

71 میرے دوستو،میں اس بات پر آپکے ساتھ وفادار رہنا چاہتا ہوں۔ خُدا کا شفا دینے کا، ایک ہی طریقہ ہے، اور وہ اُسکی خدمت کی بنیاد پر ہے۔ سمجھے؟ اُسکی خدمت کی بنیاد پر ہے۔ ہمیں اس بنیاد پر اپنی شفا کو حاصل کرنا پڑیگا، کہ، شفا حاصل کرنے کے بعد ہم اُس کی خدمت کریں گے۔ اب، کلام فرماتا ہے، "ایک دوسرے کے سامنے، اپنے گناہوں کا اقرار کرو۔ اور ایک دوسرے کیلئے دعا کرو، تاکہ شفا پاؤ۔" سمجھے؟ یہ بنیاد ہے کہ، آپ خُدا کی خدمت کریں گے۔ اور آپ میں سے، زیادہ تر، یہاں قریب المرگ ہیں، اور-اور اگر کچھ ظاہر نہ ہوا تو آپ مرجائیں گے۔ میں چاہتا ہوں، آپ اپنے دل میں یہ...

72 اب، ہم آپکو تیل سے مسح کرکے، دعا کرسکتے ہیں، اورمیں اور پاسٹر، آپکے لئے ایمان سے دعا کریں گے، اورجو کچھ ہم کرسکتے ہیں کریں گے، لیکن اُس وقت تک اسکا کوئی فائدہ نہیں ہے جب تک آپکی رفاقت مسیح کے ساتھ نہ ہوجائے۔ سمجھے؟آپ کو اُس رفاقت میں آنا ہے، جس میں، "میں، خُداوند... "

73 اب میں ایک-ایک-ایک جوان عورت کو آتے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔ وہ کچھ عرصہ پہلے ہی، گھر آئی ہے، اور، اُسے ٹیومر یا جگر کی بیماری ہے۔ اوروہ

میتھوڈسٹ ایمان کے ساتھ، منسلک ہے۔ میرا ایمان ہے یہ سچ ہے، بہن، کیا یہ سچ نہیں؟ اسکے پہلو میں ایک بڑی گلٹی تھی۔ لیکن، اب یہ شفا پا چکی ہے۔

74 میں یہاں بہن ویور کو کھڑا دیکھ رہا ہوں، میں نے اپنی پوری زندگی میں کینسر کی جتنی بُری اقسام دیکھی ہیں، اُن میں سے ایک نے اس کو پکڑا ہوا تھا۔ اور سب سے پہلی بات جو میں نے اس سے کہی تھی، وہ یہ تھی کہ اپنے گناہوں کا اقرار کرے اور یسُوع مسیح کے نام میں بپتسمہ لے۔ جب میں اسے پانی میں لیکر گیا، تو یہ اتنی کمزور تھی کہ مجھے اسے سنبھالنا پڑا؛ اسکی بانہیں، بہت زیادہ کمزور تھیں، اور وغیرہ وغیرہ۔ اس نے یسُوع مسیح کے نام میں بپتسمہ لیا تھا۔ اور اس بات کو دس برس ہو چکے ہیں، کیا ایسا نہیں ہے، بہن جی؟ [بہن ویور کہتی ہیں، "نہیں۔ سولہ سال گزر چکے ہیں۔"-ایڈیٹر۔] سولہ برس ہو چکے ہیں۔ اسکی نجات کو سولہ برس ہو چکے ہیں، کیونکہ اس نے تابعداری کی تھی۔ حالانکہ سب سے اچھے ڈاکٹروں نے...

75 دیکھیں، اسکے اپنے ڈاکٹر نے مجھے بتایا تھا۔ دیکھیں، میں نے اُسے-اُسے بتایا، اور کہا، "وہ شفا پا چکی ہے۔"

76 کہا، "اوہ، اوہ! کینسر کی وجہ سے، یہ کچھ ہفتوں میں مرجائیگی۔ اسکے لئے فکر کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ یہ مرجائیگی، کچھ ہفتوں بعد یہ انتقال کرجائیگی۔" وہ پہلے ہی اسے جینے کیلئے ایک دن دے چکا تھا۔ اور یہ آج، سولہ

برس بعد بھی، یہاں الٹر پر، کھڑی ہوئی ہے۔ میں اور کیا کہہ سکتا ہوں، بار بار، اور بار بار ایسا ہوتا ہے !

77 اب، یہ ممکن نہیں کہ خُدا اپنے ایک بچے کیلئے یہ کرے، اور دوسرے کیلئے نہ کرے۔ وہ اپنے تمام بچوں کیلئے اسی طرح کرتا ہے۔ "جو کوئی بھی میرے پاس آئیگا۔" یہ ہے...وہ آپکو مدعو کر رہا ہے۔ اب، "ایمان سے کی گئی دعا سے بیمار بچ جائیگا۔" کلام یوں فرماتا ہے۔

78 اب-اب، اگر...میں چاہتا ہوں، آپ خُدا کے سامنے اپنی خطاؤں کا اقرار کریں، اور کہیں، "خُداوند، مجھے شفا دے۔" اگر آپ نے نجات نہیں پائی، تو اپنا دل مسیح کو دے دیں۔ اور اگر آپ نے پہلے کبھی، یسُوع مسیح کے نام میں، پانی کا بپتسمہ نہیں لیا، تو پھر حوض تیار ہے۔ سمجھے؟

79 اور یہ عورت گلی کے پار رہتی تھی؛ اور اسکے وسیلے ایک کافر ایمان لے آیا تھا۔ جب یہ مر رہی تھی...تو اُنہوں نے اسے سلور کریسٹ سے گھر بھیج دیا تھا، اور ٹی بی سے، مر رہی تھی۔ اور جب میں وہاں گیا، تو خُداوند نے مجھے رویا دکھائی، اور کہا، "یہ شفایاب ہوجائیگی۔"

80 اور اگلی صُبح، مسٹر اینڈریو، مجھ سے ملا، اور بلند آواز سے مجھے پکارا۔ اور کہا، "اس عورت کے بارے میں، آپکی اُمید جھوٹی ہے !"

81 میں نے کہا، "مسٹر اینڈریو، یہ اُمید جھوٹی نہیں ہے۔ یہ عورت کرسچن

ہے۔ اور جب یہ ٹھیک ہو جائیگی، تو یہ خود بپتسمہ لینے آئیگی۔"

82 اور اُس نے کہا، "یہ مر رہی ہے۔" کہا، "میں... یہ سلور کریسٹ سے گھر کیسے جائیگی؟"

83 میں نے کہا، "سر، آپ اُس بات کو دیکھ رہے ہیں، آپ... اُس بات کو دیکھ رہے ہیں، جو بات ڈاکٹر نے کہی ہے۔ میں اُس بات کو دیکھ رہا ہوں جو خُدا نے کہی ہے۔" سمجھے؟

84 اب، آپ کے دیکھنے میں، یہ فرق ہے۔ سمجھے؟ اگر آپ ڈاکٹر کی بات کو دیکھیں گے، تو آپ ضرور مریں گے۔ لیکن آپ وہ دیکھیں جو خُدا نے کہا ہے۔ آپ کس کی بات کو لینے جا رہے ہیں؟

85 کیا ہوتا اگر ابرہام ڈاکٹر کی بات کو لیتا کہ وہ سو سال کا تھا، اور نوے سال کی بیوی سے بچے کی اُمید، کر رہا تھا؟ پھر وہ کیا کرتا؟ دیکھیں؟ ڈاکٹر اُس سے کہتا، "تُو پاگل ہو گیا ہے۔" لیکن اُس نے خُدا پر ایمان رکھا، اور خُدا نے اُسے راستبازی میں شمار کیا۔ سمجھے، اب، آپ...

86 اور یہ عورت زندہ رہی۔ لیکن اس نے یسُوع مسیح کے نام میں، بپتسمے کو نظر انداز کر دیا، کیونکہ میرا خیال ہے یہ میتھوڈسٹ یا شاید پریسبٹیرین تھی۔ اور یہ زیادہ بیمار ہونا شروع ہو گئی۔ اور اس نے گریس ویبر کو لیا، جو اُسکے ساتھ

رہتی تھی، یا، یہ اُسکے ساتھ تھی، اسکی بیٹی نے، اسے لباس پہنایا، اوریہاں لے آئی، اوریسُوع مسیح کے نام میں بپتسمہ لیا، اوربخار میں، اسکے کندھوں پربیماری کے اُبھارپیدا ہوگئے تھےاوروغیرہ وغیرہ، اور اُس وقت، اسے ایک سو چار بخار تھا۔ اسے ٹھیک یہاں، یسُوع مسیح کے نام میں بپتسمہ دیا گیا تھا۔ اوریہ یہاں سے اگلی گلی میں رہتی ہے۔اوراس وقت یہاں موجود ہے۔ ادھر اُدھر دیکھیں، میں نے تھوڑی دیر پہلے اسے یہاں دیکھا تھا۔ سمجھے؟ یہ تابعداری ہے، آپ دیکھیں۔

87 یہ فضول عمل نہیں ہے...میں اپنے کچھ بھائیوں سے اختلاف رکھتا ہوں، وہ لوگوں پر ادھر، اُدھر، ہاتھ رکھتے ہیں، اورکہتے ہیں، یہ کام بہت بڑے ایمان سے ہوگا۔ یہ بات نہیں ہے۔آپ کو حقیقی، مضبوط، بائبل، اور پاک روح کا ایمان چاہیے۔ سمجھے؟اگر ایسا نہیں ہے، تو اس سے کام نہیں چلے گا۔ یہ مضبوط نہیں ہے۔

88 اسکے لئے میں خُداوند کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اُس نے اب تک میری مدد کی ہے۔ جب۔جب۔جب کبھی بھی شفا نازل ہوئی ہے اصلی شفا ہوئی ہے، کیونکہ یہ پوری طرح سے خُداوند یوں فرماتا ہے کی بنیاد پر ہوتی ہے۔ سمجھے؟ اسلئے لوگ قائم رہیں گے۔

89 اب۔اب، یہ ایک چھوٹا سنڈے سکول ہے، اورمیں انتظار کررہا تھا، اور

آپ سے بات چیت کررہا تھا، اب آپ اپنی اپنی، جگہ سنبھال لیں، اور خاموشی اختیارکریں۔ ہم کچھ منٹ اور لیں گے، پھر ہم دعا کا، آغاز کردیں گے۔

90 اب، میں چاہتا ہوں آپ سب خُدا کے سامنے اپنی غلطیوں کا اقرار کریں، اور اُس سے وعدہ کریں آپ اُسکی خدمت کریں گے اور جو کچھ آپ کرسکتے ہیں کریں گے۔ میں اور پاسٹر آپ پر ہاتھ رکھ کر، دعا کرنے آرہے ہیں، اور اگر آپ ایمان رکھیں گے تو شفا پا جائیں گے۔

91 کتنے لوگ بیساکھیوں پر تھے، بہرے، اندھے، اور گونگے تھے، پچھلے اتوار کی دوپہر، وہ الٹر کے قریب آئے، تو اُنہوں نے بیساکھیاں پھینک دی تھیں؛ الٹر پر آتے ہی، آنکھیں کھل گئیں تھی، کیا آپ کو، معلوم ہے؟ اُن میں سے ہزاروں گزرے ! یہاں تک کہ، میں بہت کمزور ہوگیا تھا، اُنہوں نے مجھے ایسی جگہ پھنسا دیا تھا، بس کھڑا رہا، اور وہ گزرتے رہے۔ سمجھے؟ اتنی لمبی قطار تھی، جو یہاں سے، تقریباً، جیفرسن ویل کے ہائی سکول تک پہنچ گئی تھی۔ وہ قطار میں آتے جا رہے تھے، اور میرا نہیں خیال، کوئی شفا کے بغیر گیا ہوگا۔ سمجھے؟ کیونکہ وہ اصل، حقیقی مسیحی، ایمان کی بنیاد پر آرہے تھے۔ وہ... ایسا ہوتا ہے۔

اب تمام لوگ، سروں کو جھکا لیں، اور انکے لئے دعا میں میری مدد کریں۔

92 خُداوند یسُوع، آج صُبح، سامعین میں سے، ان بیماروں، اور پریشان، اور

مصیبت میں، پھنسے ہوئے، بچونکو تیرے پاس لاتے ہیں۔ انکی اُمید ختم ہوچکی ہے، خُداوند، ان میں زیادہ تر، ڈاکٹر کے علاج کے بعد یہاں آئے ہیں، خاص کر یہ آدمی جو چارپائی پر پڑا ہوا ہے۔ یہ تیرے فضل کے وسیلے نہ بچا تو کچھ ہی دنوں میں یہ دنیا سے چلا جائیگا۔ اور بیشک، الٹر کے پاس ایسے لوگ بھی کھڑے ہیں، جنکے لئے دل کے دورے، اور بیماریاں، اور پریشانیاں انتظار کررہی ہیں جو انہیں برباد کردیں گی۔

93 اے باپ، بس ایک ہی چیز انہیں، بچا سکتی ہے، بس، بدن کے پانچ حواس سے یہ باہر نکل آئیں، بیشک، ڈاکٹر نے انہیں، بیماریوں، کینسر، اور ٹی بی اور دل کی تکلیف سے، بچانے کی؛ پوری کوشش کی ہے۔ اور مرہم پٹی، ٹیوب، جراثیم کش، اور- اور- اور باقی دوائیوں کے باوجود، انکی جان لینے کیلئے دشمن کا ایک لشکر، انکے اندر داخل ہوچکا ہے۔

94 اور میرا ایمان ہے، خُداوند، میں نے تیری بات، انکے سامنے، پیش کردی ہے۔ اور میں نے آج صُبح ایک آدمی کو سنا تھا اُس نے غیر زبان میں پیغام دیا تھا، اور اُسکا ترجمہ کیا گیا تھا، کہ آج صُبح کیا ہونے والا ہے۔ خُداوند، یقیناً، ان میں کچھ اسے حاصل کرینگے۔ یہ درست ہے۔ میں پُریقین ہوں۔

95 اور دیکھیں، بائبل میں لکھا ہے، داؤد، ایک چھوٹا لڑکا چرواہا تھا، جو جنگل

میں، اپنے باپ کی بھیڑیں چراتا تھا۔ ایک دن ایک شیر اُسکے باپ کے برّوں میں سے ایک کو، اٹھا کر لے گیا۔ اُس چھوٹے چرواہے نے، ایمان کے ساتھ، اُس شیر کا مقابلہ کیسے کیا تھا؟ اُسکے پاس کوئی جدید اسلحہ یا بندوق نہیں تھی۔ اُسکے پاس ایک چھوٹی سی فلاخن تھی، وہ اُسی کے ساتھ شیر کے پیچھے چلا گیا۔ اُس نے شیر کو ہلاک کردیا، اور برّہ واپس لے آیا۔ پھر ایک دن ایک ریچھ نے اُسکا ایک اور جانور اُٹھا لیا؛ وہ اُس ریچھ کو پھاڑنے کیلئے اُسکے پیچھے اُس زمین پر چلا گیا۔ لیکن اس نے ریچھ کے سائز کے بارے میں نہیں سوچا تھا، یا شیر کی طاقت، یا اُسکی تیز رفتاری کی پروانہ کی، اور نہ ہی فلاخن میں اپنے تجربے کی پروا کی۔

96 اور جب وہ ساؤل بادشاہ کے سامنے کھڑا تھا، تو اُس نے کہا، "تیرا خادم اپنے باپ کی بھیڑیں چراتا تھا، اور ایک شیر ایک برّے کو، اُٹھا کر لے گیا تھا۔ میں نے اُسکا پیچھا کیا اور بھیڑ کو چھڑا کر واپس لے آیا۔" اُس نے کہا، "وہی خُدا جس نے مجھے ریچھ کے شکنجے، یا اُسکے پنجے سے، اور شیر کے مُنہ سے بچایا، وہی مجھے اس نامختون فلستی کے ہاتھ سے بچائے گا اور اسے میرے ہاتھ میں کردیگا۔"

97 اور یہ کہانی ہمیں معلوم ہے، اُس نے اُس آدمی کو ہلاک کردیا؛ اور جس آدمی کو اُس نے ہلاک کیا، وہ اُس سے بہت زیادہ بڑا تھا، اور جنگجو تھا۔ اس

بات سے، ساؤل بادشاہ جیسے، مضبوط، اور عظیم شخص کو ٹھوکر لگی، کہ اس چھوٹے لڑکے کا خُدا پر اتنا بڑا ایمان ہے۔ نہیں، فلاخن پر نہیں، بلکہ خُدا پر تھا۔

98 اب، خُداوند، اس الٹر کے پاس کھڑے ہوئے لوگ، اور اس چار پائی پر پڑا ہوا آدمی، خُدا کی بھیڑیں ہیں، یہ اُسکے کے لئے، چھوٹے، بڑے ہیں۔ انہیں کینسر کے ببر شیر، اور ٹی بی کے ریچھ نے پکڑ لیا ہے، اور بیماریاں، انہیں گھوما گھوما کر، ٹکڑے ٹکڑے کررہی ہیں۔ خُداوند، میں-میں ایک چھوٹی سی فلاخن جسکا نام ایمان کی دعا ہے، لیکر انکے پیچھے جارہا ہوں۔ یہ بہت بڑی نہیں ہے، لیکن میں جانتا ہوں اس سے کیا کیا ہوا ہے۔میں جانتا ہوں آج بھی وہی خُدا ہے۔ اور میں انہیں واپس لانے کیلئے، آج صُبح، ان کے پیچھے جارہا ہوں، خُداوند، تاکہ انہیں تندرستی کے سبزہ میں، اور سلامتی کے راحت کے چشموں کے پاس لے جاؤں، تاکہ یہ اس مصیبت سے نکل کر، تجھ پر ایمان رکھیں۔

99 اور میں اُس ہتھیار کے ساتھ جو تُو نے مجھے دیا ہے، انکے پیچھے جارہا ہوں۔ "جو دعا ایمان کے ساتھ کی جائیگی، اُسکے باعث بیمار بچ جائیگا اور خُدا اُسے اُٹھا کھڑا کریگا۔ اور اگر اُس نے کوئی گناہ کیا ہو، تو اُسکی معافی بھی مل جائیگی۔"

100 اور، اے باپ، اب ہم دشمن کے مقابلے کیلئے آگے بڑھتے ہیں، شیر ببر

کے مقابلے کیلئے، ابلیس کے-کے مقابلے کیلئے، چاہے وہ کینسر کی شکل میں ہو، یا ٹی بی کی، یا ہاجکن بیماری کی، یا دل کی تکلیف، یا کسی بھی بیماری کی شکل میں ہو۔ ہم آرہے ہیں بّرے کو چھڑانے کیلئے، اور واپس خُدا کے گھر میں لانے کیلئے۔ ہم یسُوع مسیح کے اُس فلاخن کو استعمال کرنے آرہے ہیں، جو تو نے ہمیں دی ہے۔ اے باپ، ہمارا ساتھ دے، اور اب ہم یسُوع کے نام میں، بڑے احترام کے ساتھ تیری حضوری میں آتے ہیں۔

101 میں چاہتا ہوں آپ اپنے سر جھکائے رکھیں۔ ہم بیماروں پر ہاتھ رکھنے، اور تیل سے مسح کرنے آرہے ہیں، اور ایمان سے کی گئی دعا سے بیمار بچ جائیگا۔ ہر ایک مسیحی جو یہاں موجود ہے، اپنا ایمان اس دُعائیہ قطار میں استعمال کرے۔

[دعائیہ قطار ساڑھے تین منٹ تک رہتی ہے، بھائی برینہم کے کئی الفاظ ادارک سے باہر ہیں-ایڈیٹر۔]

یسُوع مسیح کے نام میں !

یسُوع مسیح کے نام میں !

یسُوع کے نام میں !

یسُوع مسیح کے نام میں !

یسُوع کے نام میں !

اے باپ، میں ابلیس کو ڈانٹتا ہوں !...؟...

یسُوع مسیح کے نام میں !

یسُوع مسیح کے نام میں !...؟...

یسُوع مسیح کے نام میں !

آئیں اور اس پر ایمان رکھیں...؟... اور یہ ہوجائیگا !...؟...

خُداوند، تُو...؟...

اے خُدا...؟...

102 اے خُداوند، تُو ہے... تُو نے یہ موقع فراہم کیا۔ تُو مسیح، قرابتی ہے !...؟...
یسُوع مسیح کے نام میں !

103 "پس ایمان سے کی گئی دعا سے بیمار بچ جائیگا۔" میں چاہتا ہوں آپ اسکے لئے دعا کریں۔ تاکہ یہ عورت دوبارہ صحت مند ہوجائے !...؟...

یسُوع مسیح کے نام میں، اسے واپس لاتا ہوں !

یسُوع مسیح کے نام میں، اسے واپس لا !...؟...

یسُوع مسیح کے نام میں، میری بہن واپس آرہی ہے۔

یسُوع مسیح کے نام میں، میرا بھائی واپس آرہا ہے !...؟...

یسُوع مسیح کے نام میں !...؟...

یسُوع مسیح کے نام میں !...؟...

یسُوع مسیح کے نام میں !...؟...

آپ نے یہ نہیں کیا۔ خُداوند آپکو برکت دے !

میں آج صُبح، اسکے پیچھے آرہا ہوں !...؟...

104 یسُوع مسیح کے نام میں، میں تمہیں واپس لارہا ہوں، ایمان کی دعا کے وسیلے، بندھن ٹوٹ جائیں !...؟... ہم اپنا ایمان اس میں شامل کرتے ہیں...؟...

اونلی بیلیو؛

اب اپنے سروں کو جھکا لیں۔ اب:

فقط ایمان رکھیں، فقط ایمان رکھیں،
... سب کچھ ممکن ہے، فقط ایمان رکھیں۔

خُداوند، میں ایمان رکھتا ہوں، خُداوند، میں ایمان رکھتا ہوں،
سب کچھ ممکن ہے...

اب آئیں اپنے ہاتھوں کو اُٹھائیں۔

... خُداوند، میں ایمان رکھتا ہوں؛

خُداوند، میں ایمان رکھتا ہوں؛ خُداوند، میں ایمان رکھتا

ہوں،

سب کچھ ممکن ہے، خُداوند، میں ایمان رکھتا ہوں۔

105 ہمارے آسمانی باپ، جو لوگ کھڑے ہو سکتے تھے، انہوں نے ہاتھ بلند کر کے دکھا دیا ہے، کہ یہ اسے قبول کرتے ہیں۔ یہ بھائی جو چار پائی پر پڑا تھا وہ یہ دکھانے کیلئے، اٹھ کھڑا ہوا ہے، کہ اُس نے اپنی شفا کو قبول کرلیا ہے۔ خُداوند، ہمارا ایمان ہے، کہ یہ اب سلامتی کے سبزے کے پاس اور، راحت کے چشموں کے پاس، اپنی صحت کیلئے چل کر آرہے ہیں، تاکہ یسُوع کے نام میں یہ ٹھیک ہوجائیں۔ ہم اسکے لئے تیرا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ آمین۔

106 ٹھیک ہے، بھائی نیول، اب میں یہاں بیٹھ کر آپ کی منادی سنوں گا۔

107 [بھائی برینہم نے اپنے پہلے پیغام میں اس "چھوٹے اندراج" کا ذکر کیا تھا جسے بھائی تھامس آر۔ نیکل، ایڈیٹر آف فُل گاسپل مینز وائس نے، آرٹیکل کے پہلے پیج پر رکھا تھا، جس میں یہ کہا گیا ہے: "سامنے کے سرورق پر تصویر کے متعلق: جیسے بائبل کے دنوں میں، خُدا کے بندے نبی اور غیب بین ہوتے تھے۔ لیکن تمام مُقدس ریکارڈز میں، اُن سب سے بڑھکر خُدا کے نبی اور غیب بین ولیم برینہم کی خدمت ہے، ایک نبی اور خُدا کا خادم، جسکی تصویر فُل گاسپل مینز وائس کے شمارے کے فرنٹ کور پر لگی ہوئی ہے۔

اور ربرینہم کو خُدا نے یسُوع کے نام میں، مُردوں کو زندہ کرنے کیلئے، استعمال کیا ہے!"-ایڈیٹر-]

61-0305 وقت کے پردے کے پار

برینہم ٹیبرنیکل

جیفرسن ویل انڈیانا یو۔ ایس۔ اے۔

URDU

©2024 VGR, ALL RIGHTS RESERVED

وائس آف گاڈ ریکارڈنگز، پاکستان آفس

B/3 ، 700، کشمیر کالونی ڈبل روڈ، کراچی 75500، پاکستان

فون: 0092-345-2495637

VOICE OF GOD RECORDINGS

P.O. BOX 950, JEFFERSONVILLE, INDIANA 47131 U.S.A.

www.branham.org

# حقِ اشاعت کی اطلاع

تمام جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یہ کتاب ذاتی استعمال کیلئے گھر میں پرنٹر پر چھاپی جاسکتی ہے، اور بلا قیمت تقسیم کی جاسکتی ہے، جوکہ یسُوع مسیح کی انجیل پھیلانے کا ایک ذریعہ ہے۔ اس کتاب کو فروخت نہیں کیا جاسکتا، اور نہ ہی دوبارہ بڑے پیمانے پر چھاپا جاسکتا ہے، اور نہ کسی ویب سائٹ پر لگایا جاسکتا ہے، اور نہ ہی اسے کسی بازیابی کے نظام میں ڈالا جاسکتا ہے، اور نہ ہی دوسری زبانوں میں اس کا ترجمہ کیا جاسکتا ہے، اور نہ ہی وائس آف گاڈ ریکارڈنگز کی جانب سے واضح تحریری اجازت نامے کے بغیر کسی فنڈز وغیرہ کا اصرار کیا جاسکتا ہے۔

برائے مہربانی، مزید معلومات کے لئے یا دیگر مواد کے لئے رابطہ کریں:

وائس آف گاڈ ریکارڈنگز، پاکستان آفس

B/3 ،700، کشمیر کالونی ڈبل روڈ، کراچی 75500، پاکستان

فون: 0092-345-2495637

VOICE OF GOD RECORDINGS
P.O. BOX 950, JEFFERSONVILLE, INDIANA 47131 U.S.A.
www.branham.org